# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ اردو)

## وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ:

1 - اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ اپنے سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہوجائے۔

-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد کی چوری'' **Plagiarism** پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: تاریخ ادب اردو اور ادبی تحریکیں (9013) سمسٹر: خزاں، 2025ء

سطح: بی ایس اردو

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے

ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ (ODL موڈ)

-1 تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

-2 سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

-3 ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) کی گئی امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔ صرف اردو اور عربی میں اپنی مشقیں حل کرنے والے طلبہ اپنی ہاتھ سے لکھی ہوئی مشق سکین کر کے اپنے LMS پورٹل پر اَپ لوڈ کرسکتے ہیں۔ فائل کا زیادہ سے زیادہ سائز 5MB ہونا چاہیئے۔

-4 ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (Word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اَپ لوڈ کیجیے۔

-5 مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بھیجنے کی صورت میں تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہوگی۔

-6 آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

-7 غیر متعلقہ بحث / معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ 1 تا 4)

سوال 1- اردو زبان و ادب کی ترویج میں قطب شاہی دور کی خدمات کا تفصیل سے ذکر کریں۔ (20)

سوال 2- دبستان دہلی کی خصوصیات بیان کریں۔ (20)

سوال 3- اردو مرثیہ و مثنوی کی ترقی میں دبستان لکھنو کا کیا کردار ہے؟ تبصرہ کریں۔ (20)

سوال 4- فورٹ ولیم کالج کی ادبی و لسانی خدمات کا تنقیدی جائزہ لیں۔ (20)

سوال 5- آتش و ناسخ کا دور لکھنو میں اردو غزل کا اہم دور ہے۔ تبصرہ کریں۔ (20)

کل نمبر:100 | کامیابی کے نمبر:50

## امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ 5 تا 9)

سوال 1- تحریک، روایت اور رجحان کا فرق مثالوں اور دلائل سے واضح کریں۔ (20)

سوال 2- سرسید تحریک کی ادبی خدمات اور اثرات کا تنقیدی جائزہ لیں۔ (20)

سوال 3- سرسید تحریک کے ردعمل نے اردو ادب کو کس حد تک متاثر کیا؟ اپنی رائے کا اظہار کریں۔ (20)

سوال 4- حلقہ ارباب ذوق کی ادبی خدمات پر سیر حاصل بحث کریں۔ (20)

سوال 5- جدیدیت اور مابعد جدیدیت کی تحریک پر تبصرہ کریں۔ (20)